www.AhleHaq.net

مبارک دعائیں

مرتب

عبدِضعیف محمد زبیر رُوحانی بازی عفا اللہ عنہ وعافاہ



www.Ahlehaq.net

قال النبی ﷺ : الدعاءُ مخّ العبادة

مبارک دعائیں

مرتب

عبدِضعیف محمد زبیر روحانی بازی عفا اللہ عنہ وعافاہ

www.Ahlehaq.net

جملہ حقوق محفوظ ہیں

ناشر

إدارۂ تصنیف وأدب

جامعۃ محمد موسیٰ البنوری

برہان پورہ، نزد اجتماع گاہ، عقب گورنمنٹ ہائی سکول، رائیونڈ، لاہور

منگوانے کا پتہ ⟫ مرکزی دفتر: القلم فاؤنڈیشن، 13 ڈی، بلاک بی، سمن آباد، لاہور

موبائل: 0300-4101882 فون: 042-37568-430 فیکس: 042-3753-1155

www.alqalamfoundation.org

Email :- info@alqalamfoundation.org

www.AhleHaq.net

انتساب

اپنے والد محترم شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی رحمہ اللہ تعالیٰ وطیب آثارہ کے نام۔ آپ کی وفات ۱۹ اکتوبر ۱۹۹۸ء بروز پیر ہوئی۔ تدفین کے بعد آپ کی قبر سے آنیوالی جنتی خوشبو کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے دنیا میں ہی اپنی رضا کا اعلان کر دیا۔ اس خوشبو کا ہزاروں بلکہ لاکھوں لوگوں نے مشاہدہ کیا۔ اللہ ہم سب کو آپ کے نقش قدم پر چلنے اور آپ کے تمام اہداف کی تکمیل کی توفیق دے۔ آمین

www.AhleHaq.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

امابعد۔ گذشتہ امتوں کی عمریں بڑی طویل ہوتی تھیں۔ ایک ایک فرد کئی سو سالوں تک زندہ رہتا تھا۔ مومنین اس طویل زندگی میں بہت زیادہ اعمال کر کے بے تحاشا ثواب کما لیتے تھے۔ ان کے مقابلے میں رحمۃ للعالمین ﷺ کی امت کے افراد کی عمریں بڑی مختصر ہیں۔ مگر یہ امت اللہ تعالی کو دیگر تمام امتوں سے زیادہ محبوب ہے اس لئے اللہ تعالی نے اپنے خاص فضل و کرم سے اس امت کو کچھ ایسے اعمال عطا فرمائے ہیں جو بظاہر بہت مختصر ہیں لیکن ان پر اجر و ثواب بہت زیادہ ملتا ہے۔ یہ اللہ تعالی کی رحمت بیکراں کا نتیجہ ہے و رحمتی وسعت کل شئ .

ہر مسلمان کیلئے لازم ہے کہ وہ چھوٹی نیکی کو بھی اہم سمجھے۔ کیونکہ ممکن ہے کہ اللہ کے نزدیک یہ باعث مغفرت ہو۔ اور

www.Ahlehaq.net

ہر صغیرہ گناہ کو بھی خطرناک سمجھتے ہوئے اس سے بچے۔ کیا پتہ یہ گناہ اسے دوزخ میں پہنچادے۔ امام باقر رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بیٹے جعفر صادق رحمہ اللہ تعالی کو یہ قیمتی نصیحت کی تھی جو آب زر سے لکھنے کے قابل ہے۔ فرمایا۔ اے بیٹے! اللہ تعالی نے تین اشیاء تین چیزوں میں چھپا رکھی ہیں۔ اللہ نے اپنی رضا نیکی میں، غضب گناہ میں اور اولیاء اللہ کو انسانوں میں چھپا رکھا ہے۔ پس تم کسی نیکی کو حقیر مت سمجھو ممکن ہے اس میں رضائے خدا پوشیدہ ہو۔ نیز کسی گناہ کو صغیرہ سمجھ کر اس کے ارتکاب کی جرأت مت کرو۔ ہوسکتا ہے کہ اس میں اللہ کا غضب پوشیدہ ہو اور کسی انسان کو ذلیل مت سمجھو کیا پتہ یہ ولی اللہ ہو۔

حدیث میں ہے کہ ایک بدکار شخص کو اللہ تعالی نے اس لئے بخش دیا کہ اس نے جنگل میں ایک پیاسے کتے پر ترس کھا کر اسے پانی پلایا۔ نیز حدیث ہے کہ ایک بے عمل آدمی نے راستے سے

www.Ahlehaq.net

کانٹوں والی شاخ ہٹادی تو اللہ تعالی نے اس تھوڑے عمل کی برکت سے اسے جنت میں داخل کردیا اور ایک عورت کو اس گناہ کی پاداش میں دوزخ میں ڈالا کہ اس نے ایک بلی باندھ لی تھی اور وہ بلی بھوک اور پیاس سے تڑپ تڑپ کر مرگئی ۔

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ دعاؤں کے اس مختصر مجموعے کو شرف قبولیت عطا فرمائیں اور بندہ کیلئے ذخیرۂ آخرت بنادیں ۔ آمین ۔

العبد الضعیف محمد زہیر روحانی بازی عفی عنہ

۲۴ ربیع الثانی ۱۴۱۷ھ مطابق ۹ ستمبر ۱۹۹۶ء

نوٹ

تمام احباب سے گزارش ہے کہ اپنی دعاؤں میں بندہ کو ، بندہ کے والدین واساتذہ کو ضرور یاد رکھیں جزاکم اللہ احسن الجزاء .

www.AhleHaq.net

صد بار بدی کردی و دیدی ثمرش را
نیکی چہ بدی داشت کہ یک بار نہ کردی

مفہوم ۔ (اے مخاطب) تونے سو مرتبہ بدی کا ارتکاب کیا اور اس کا نتیجہ بھی دیکھ لیا۔ آخر نیکی میں ایسی کونسی برائی تھی کہ ایک مرتبہ بھی نہ کی۔

گفتی کہ بہ پیری چو رسم توبہ کنم
ترسم کہ جواں روی بہ پیری نہ رسی

مفہوم۔(اے مخاطب) تیرا کہنا ہے کہ بڑھاپا آنے پر توبہ کرلونگا۔ مگر مجھے یہ خدشہ ہے کہ بڑھاپے تک پہنچنے سے قبل تو جوانی ہی میں (اس دنیا سے) نہ چلا جائے۔

www.Ahlehaq.net

اللہ کی رضا

رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص صبح و شام یہ دعا پڑھے ، اللہ تعالی پر حق ہے کہ اس دعا کے پڑھنے والے کو بروز قیامت راضی کرے اور جنت میں داخل کرے۔ طبرانی میں آتا ہے حضور اکرم ﷺ نے فرمایا میں ضامن ہوں کہ اس کے پڑھنے والے کا ہاتھ پکڑ کر جنت میں داخل کراؤں۔

(رواہ ابوداود و الترمذی والنسائی وابن ماجہ عن ثوبانؓ)

www.AhleHaq.net

بیس لاکھ نیکیاں

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ
لَہٗ اَحَدًا صَمَدًا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ
وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص یہ کلمات کہے گا تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے بیس لاکھ نیکیاں لکھیں گے۔ رمضان میں ہر عمل پر ۷۰ گنا ثواب ملتا ہے۔ تو ایک مرتبہ کہنے سے چودہ کروڑ نیکیاں لکھی جائیں گی اور جس قدر کثرت سے پڑھے گا اتنا ہی زیادہ ثواب ملے گا۔ (الترغیب والترہیب)

www.AhleHaq.net

۸۰ سال کی عبادت کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا

حدیث شریف میں آتا ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے ۸۰ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اس کے ۸۰ سال کے گناہ معاف ہونگے اور ۸۰ سال کی عبادت کا ثواب اس کیلئے لکھا جائیگا۔ گویا اگر رمضان میں ۸۰ مرتبہ پڑھے تو حسب حساب مذکورہ ۸۰ سال کی بجائے ۵۶۰۰ سال کی عبادت کا ثواب ملے گا اور اتنے ہی گناہ معاف ہونگے۔ (شرح شفاء، جامع صغیر)

www.AhleHaq.net

ہزار دن کی عبادت کا ثواب

جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا ھُوَ اَھْلُہٗ

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص یہ دعا پڑھے گا تو اس کا ثواب ۷۰ فرشتوں کو ایک ہزار دن تک مشقت میں ڈالے گا۔ یعنی ستر فرشتے بڑی مشکل سے اس کا ثواب ایک ہزار دن میں لکھ پائیں گے۔ گویا رمضان میں ایک مرتبہ پڑھے تو ستر فرشتے ۷۰ ہزار دن یعنی تقریباً ۱۹۲ سال تک ثواب لکھتے رہیں گے اور اگر ۱۰۰ مرتبہ پڑھ لے تو اس قدر ثواب ملے گا کہ ۷۰ فرشتے اس کو لکھیں تو ۱۹۱۷۸ سال تک وہ پورا نہ ہو۔ یہ درود کثرت سے پڑھنا چاہئے۔ (رواہ الطبرانی فی الکبیر والأوسط)

www.Ahlehaq.net

تمام گناہوں کی بخشش

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا
ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص سوتے وقت یہ استغفار تین مرتبہ پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ بخش دیں گے خواہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر یا ستاروں کی تعداد کے برابر یا ریت کے بڑے ٹیلے کے ذرات کے برابر یا دنیا کے دنوں کے برابر ہوں۔

(رواہ الترمذی عن ابی سعیدؓ)

www.AhleHaq.net

اپنی حفاظت کا خاص عمل

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

نبی علیہ الصلاۃ والسلام کا ارشاد ہے کہ جو شخص مندرجہ بالا دعا بوقت صبح تین مرتبہ پڑھ لے اسے شام تک اور جو بوقت شام تین مرتبہ پڑھ لے اسے صبح تک کسی شئے سے تکلیف نہیں پہنچے گی۔ لہٰذا اپنی حفاظت کیلئے صبح و شام یہ دعا ضرور پڑھنی چاہئے۔

(رواہ الترمذی و ابوداؤد)

www.AhleHaq.net

گھر سے نکلنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ
لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

جو شخص گھر سے نکلتے وقت یہ دعا پڑھ لے وہ گھر واپسی تک ہر ضرر اور شیطان سے محفوظ رہیگا اور جن کاموں کیلئے نکلا ہے وہ سب پورے ہونگے۔ لہٰذا کسی بھی مقصد کیلئے گھر سے نکلتے وقت یہ دعا ضرور پڑھنی چاہئے۔

(رواہ الترمذی)

یا اللہ

www.AhleHaq.net

دس لاکھ نیکیاں ، دس لاکھ گناہ معاف

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ
لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ
وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ
بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ
شَیْءٍ قَدِیْرٌ

حدیث شریف میں ہے کہ بازار میں مندرجہ بالا دعا پڑھنے والے مسلمان کیلئے اللہ تعالیٰ دس لاکھ نیکیاں لکھ دیتے ہیں ، دس لاکھ گناہ معاف کر دیتے ہیں

www.AhleHaq.net

اور دس لاکھ درجات بلند کر دینے کے علاوہ اس کیلئے جنت میں ایک عالیشان محل تیار فرما دیتے ہیں۔ بازار میں یہ مختصر دعا کثرت سے پڑھنی چاہئے۔ (رواہ الترمذی وابن ماجہ)

دوزخ سے نجات

اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ

حدیث شریف میں آتا ہے کہ جو شخص نماز مغرب سے فارغ ہو کر کسی سے بات کرنے سے پہلے درج بالا دعا ۷ مرتبہ پڑھ لے اور پھر اسی رات اس کی موت آجائے تو دوزخ سے ہمیشہ کیلئے محفوظ ہو گیا اور اگر یہ دعا ۷ مرتبہ نماز فجر کے بعد کسی سے بات کرنے سے پہلے پڑھ لے اور اسی دن مر جائے تو دوزخ سے محفوظ رہیگا۔
(مشکوٰۃ عن ابی داؤد)

www.AhleHaq.net

کھانے کی دعائیں

جو شخص کھانا کھاتے وقت شروع میں یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہِ

اور کھانا کھانے کے بعد یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَشْبَعَنَا
وَاَرْوَانَا وَاَنْعَمَ عَلَیْنَا وَاَفْضَلَ

تو اس شخص سے قیامت کے دن اس کھانے کی پوچھ نہ ہوگی۔ اگر کھانے کی ابتداء میں بسم اللہ پڑھنا بھول گیا تو درمیان میں یاد آنے پر بسم اللہ اس طرح پڑھے۔

www.AhleHaq.net

بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ

(رواہ الترمذی)

وسوسوں سے نجات

رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَکًا
وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ

جو شخص شیطانی وساوس سے بچنا چاہے
اور خشوع وخضوع والی نماز پڑھنا چاہے تو وہ اس
آیت کو بکثرت پڑھے۔

www.AhleHaq.net

تفکرات سے بچاؤ اور قرضوں کی ادائیگی

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ
وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ
وَالْکَسَلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُخْلِ
وَالْجُبْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ
الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ

بڑے بڑے تفکرات کو دور کرنے اور بڑے قرضوں کی ادائیگی کیلئے نبی اکرم ﷺ نے یہ دعا صبح و شام پڑھنے کی تلقین فرمائی ہے۔ (رواہ ابوداود)

www.AhleHaq.net

قیامت کے روز سب سے افضل عمل

حدیث شریف میں آتا ہے کہ جو شخص ۱۰۰ مرتبہ

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ

پڑھ لے اللہ تعالیٰ اس کے سارے گناہ بخش دیتے ہیں اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ سے زیادہ ہوں۔ اور جو شخص روزانہ (۱۰۰ مرتبہ) یہ پڑھے گا قیامت کے دن کوئی اس سے افضل عمل والا نہیں ہوگا مگر وہ جس نے اس مقدار میں یا اس سے زائد یہ دعا پڑھی۔

(رواہ مسلم والترمذی والنسائی)

www.AhleHaq.net

مجلس سے اٹھنے کی دعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص کسی ایسی مجلس میں بیٹھے جس میں شور وغل (یعنی دنیاوی باتیں اور لہو ولعب) زیادہ ہو، پھر وہاں سے اٹھنے سے پہلے یہ دعا پڑھے تو اس کے گناہ جو اس مجلس میں صادر ہوئے ہیں معاف کر دیئے جائیں گے۔

سُبْحَانَكَ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ
وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ

انسان جب دوستوں کے ساتھ ملتا بیٹھتا ہے تو عام

www.AhleHaq.net

طور پر غیبت و چغلی و حسد وغیرہ جیسے گناہ سرزد ہو ہی جاتے ہیں اس لئے ہمیں دوستوں اور دیگر مجالس سے جدا ہوتے وقت یہ مختصر سی دعا ضرور پڑھنی چاہئے۔

(عمل الیوم واللیلہ للنسائی)

جنت کا خزانہ

حدیث شریف میں آتا ہے کہ

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ

جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے اور یہ ۹۹ مرضوں کی دوا ہے جن میں سب سے کم درجے کا مرض غم ہے۔

(عمل الیوم واللیلہ للنسائی والبیہقی فی دعوات الکبیر)

www.Ahlehaq.net

عتیق اللہ سے ملقب ہونا

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نبی علیہ الصلاۃ والسلام کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جو شخص کسی دن مذکورہ بالا دعا ہزار مرتبہ پڑھ لے اس نے اللہ تعالیٰ سے اپنا نفس خرید کر عذاب الٰہی سے بچالیا۔ اور زندگی کے آخری دن وہ عتیق اللہ (اللہ کا آزاد کیا ہوا) کے لقب سے ملقب ہوگا۔

یہ بہت بڑا فائدہ اور بڑی سعادت ہے جو اس مختصر دعا کے طفیل حاصل ہوتی ہے۔ لہٰذا ہر مسلمان کو اس پر عمل کرنا چاہئے۔

(رواہ الطبرانی فی الاوسط وابن مردویہ مجالس سنیہ ص ۷۰)

www.AhleHaq.net

شہادت کی موت

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

ایک حدیث شریف میں ہے کہ جو مسلمان بیماری کے زمانے میں ۴۰ مرتبہ یہ آیت کریمہ پڑھ لے اور اسی مرض میں فوت ہوجائے تو شہید کا درجہ پائے گا۔ اور اگر تندرست ہوجائے تو اس کے سارے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔ اسی طرح اگر کسی شخص کو کوئی سختی، مصیبت یا پریشانی درپیش ہو تو اس آیتِ کریمہ کے پڑھنے سے رفع ہوجائیگی نیز اس کے ذریعہ جو بھی دعا کی جائیگی تو اللہ تعالیٰ ضرور اس کو قبول فرمائیں گے۔ (رواہ الحاکم)

www.AhleHaq.net

غم اور امراض سے بچاؤ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا
ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی
كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا

نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ کسی بلا یعنی غم، مصیبت یا مرض میں مبتلا انسان کو دیکھ کر جو شخص یہ دعا پڑھے گا وہ اس بلا سے موت تک باذن اللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا۔

(رواہ الترمذی)

www.AhleHaq.net

قیامت کے روز عذاب سے نجات

حافظ نجم غیطیؒ نے یہ واقعہ ذکر کیا ہے کہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں نے خواب میں ننانوے مرتبہ اللہ تعالیٰ کی زیارت کی۔ پھر یہ خیال دل میں آیا کہ اگر پھر اللہ تعالیٰ کی زیارت نصیب ہوئی تو یہ پوچھوں گا کہ قیامت کے دن بندے آپ کے عذاب سے کس عمل کے ذریعے نجات حاصل کر سکتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ جب اس کے بعد مجھے خواب میں اللہ تعالیٰ کی زیارت نصیب ہوئی تو میں نے اللہ تعالیٰ سے یہی سوال کیا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جو شخص صبح و شام یہ دعا پڑھے وہ میرے عذاب سے بچ جائیگا۔

www.AhleHaq.net

سُبْحَانَ الْاَبَدِيِّ الْاَبَدِ سُبْحَانَ
الْوَاحِدِ الْاَحَدِ، سُبْحَانَ الْفَرْدِ
الصَّمَدِ، سُبْحَانَ رَافِعِ السَّمَآءِ
بِغَيْرِ عَمَدٍ، سُبْحَانَ مَنْ بَسَطَ
الْاَرْضَ عَلٰى مَآءٍ جَمَدٍ، سُبْحَانَ
مَنْ خَلَقَ الْخَلْقَ فَاَحْصَاهُمْ
عَدَدًا، سُبْحَانَ مَنْ قَسَمَ الرِّزْقَ
وَلَمْ يَنْسَ اَحَدًا، سُبْحَانَ الَّذِىْ

www.AhleHaq.net

لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا

سُبْحَانَ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ

یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ

(ردمحتار)

جنت میں داخلہ

حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے تو اسے جنت میں داخل ہونے سے صرف موت روکے ہوئے ہے۔

(رواہ النسائی)

www.AhleHaq.net

ستر ہزار فرشتوں کی دعا

جو شخص تین مرتبہ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ
مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ

پڑھے اور اس کے بعد سورۂ حشر کی درج ذیل آیات صبح و شام ایک ایک مرتبہ پڑھے تو صبح سے شام تک اور شام سے صبح تک ستر ہزار فرشتے اس کیلئے دعائے مغفرت کرتے ہیں۔ اور اگر اسی دن یا اسی رات اس شخص کی موت واقع ہو جائے تو اسے شہیدوں میں شمار کیا جائے گا۔

www.AhleHaq.net

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ
الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِیْمُ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ
الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ
الْمُتَكَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا
یُشْرِكُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ
الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی

www.AhleHaq.net

يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

(رواہ الترمذی و الدارمی و ابن سنی)

www.Ahlehaq.net

جنت میں محل

خاتم النّبیین ، رحمۃ للعالمین ﷺ کا فرمان ہے۔ جو شخص سورۂ اخلاص یعنی ساری سورت "قل ھو اللہ" دس مرتبہ پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت میں ایک محل تیار فرما دیتے ہیں۔ اور ۲۰ مرتبہ پڑھے تو دو محل اور ۳۰ مرتبہ پڑھنے والے کیلئے تین محل تیار فرما دیتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا۔ یا نبی اللہ ! پھر تو ہم بے شمار محل حاصل کرلیں گے۔ نبی علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی مملکت بہت وسیع ہے (یعنی اللہ کے نزدیک کمی نہیں ہے)۔

(رواہ الدارمی و احمد)

www.AhleHaq.net

صلاۃِ اوّابین کی فضیلت

نماز مغرب کے بعد چھ رکعات نوافل کا نام صلاۃِ اوّابین ہے۔ اولیاء اللہ اس کے پڑھنے کا التزام کرتے ہیں۔ حدیث شریف میں ہے جس نے نماز مغرب کے بعد چھ رکعات پڑھ لیں اور ان کے درمیان کوئی بری بات نہ کہی تو اسے بارہ سال کی عبادت کا ثواب مل گیا۔

علماء وفقہاء کے نزدیک نماز مغرب کی دو سنتوں سمیت چھ رکعات مراد ہیں۔ اگر صلاۃِ اوّابین مسلسل ایک سال تک ادا کی جائے تو رمضان المبارک کے خصوصی ۷۰ گنا ثواب سمیت ۲۹۱۶۰ سالوں کی عبادت کا ثواب ملے گا۔

www.Ahlehaq.net

سبحان اللہ! اللہ تعالیٰ کی رحمت کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر کس قدر وسیع ہے اور وہ شخص کتنا بدنصیب ہے جو اس سے محروم رہ جائے۔ (رواہ الترمذی)

یوم عرفہ کے روزے کا ثواب

سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی ﷺ کا یہ ارشاد روایت کرتے ہیں کہ یوم عرفہ یعنی ۹ ذی الحجہ کے روزے کی برکت سے اللہ تعالیٰ پورے دو سالوں، رواں سال اور آنے والے سال کے گناہ بخش دیتے ہیں۔

نیز بیہقی نے نبی ﷺ کی یہ حدیث روایت کی ہے کہ یوم عرفہ کا روزہ (ثواب میں) ہزار دنوں کے روزوں کے برابر ہے۔ (رواہ ابو یعلی، ترغیب ج ۲ ص ۱۱۲)

www.AhleHaq.net

نماز جمعہ کی فضیلت

نبی کریم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن غسل کرلے اس کے گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں۔ پھر جب وہ مسجد کی طرف چلنے لگے تو اس کیلئے ہر قدم کے بدلے ۲۰ نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ پھر جب وہ نماز سے فارغ ہوکر واپس جائے تو اس کو دو سو سال کے عمل خیر کا بدلہ دیا جاتا ہے۔

ایک دوسری حدیث میں آتا ہے کہ جمعہ کی نماز کیلئے چلنے والے کو ہر قدم پر ۲۰ سال کی عبادت کا ثواب ملے گا۔ یعنی رمضان میں صرف ایک قدم پر ۱۴۰۰ سال کی عبادت کا اجر ملتا ہے۔

(رواہ احمد وابوداؤد والترمذی)

www.Ahlehaq.net

زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب ترغیب اہل السعادات میں لکھا ہے کہ شب جمعہ میں دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں الحمدللہ کے بعد گیارہ بار آیۃ الکرسی اور گیارہ بار قل ہو اللہ پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد سو بار یہ درود شریف پڑھے انشاء اللہ تین جمعے نہ گزر پائیں گے کہ خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔ وہ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ

www.AhleHaq.net

لا الٰہ الا اللہ کی فضیلت

کتب تصوف و اخلاق میں ہے کہ ستر ہزار مرتبہ "لا الٰہ الا اللہ" پڑھنے والا اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ سے خرید کر دوزخ سے آزاد کر لیتا ہے۔ اس سلسلے میں یہ حدیث مرفوع بھی ذکر کرتے ہیں۔

"من قال لا اله الا الله سبعين الفًا فقد اشترٰى نفسه من الله" .

چنانچہ بزرگان کرام اس وظیفے پر ہمیشہ عمل کرتے ہیں اپنے لئے بھی اور اپنے خاندان و احباب میں سے بعض خاص اموات کی مغفرت کیلئے بھی۔

کتاب مجالس سنّیّہ میں ہے کہ ایک صالح و نیک جوان کشف سے مشہور تھا۔ ایک دن علماء و اولیاء

www.AhleHaq.net

کے مجمع میں وہ بہت رویا یہاں تک کہ بیہوش ہوگیا۔
رونے کی وجہ پوچھنے پر اس نے بتایا کہ کشف سے مجھے معلوم ہوا کہ میری ماں وفات پا چکی ہے اور دوزخ میں ہے۔

حاضرین میں سے ایک بزرگ کہتے ہیں کہ اس سے قبل میں نے ستر ہزار مرتبہ لا الٰہ الا اللہ اپنے نفع کیلئے پڑھا تھا مگر اس جوان کا غم دیکھ کر میں نے دل ہی دل میں اس کا ثواب اس جوان کی ماں کو بخش دیا تاکہ وہ دوزخ سے بچ جائے۔

وہ بزرگ فرماتے ہیں کہ چند سیکنڈ کے بعد وہ جوان بہت خوش ہوکر مسکرانے لگا اور کہنے لگا الحمدللہ اللہ تعالیٰ نے میری والدہ کو ابھی ابھی دوزخ سے نکالا اور جنت میں داخل کرنے کا حکم دیا۔

وہ بزرگ کہتے ہیں کہ اس واقعہ سے مجھے

www.Ahlehaq.net

دو فائدے حاصل ہوئے اول یہ کہ مذکورہ صدر حدیث کا مضمون صحیح وصادق ہے۔ دوم یہ کہ اس جوان کے صاحبِ کشف ہونے کی تصدیق ہوئی۔

بزرگوں کا تجربہ، عملی مداومت اور کشفِ صحیح کی تصدیق و تائید قوی دلیل ہے اس حدیث کے صحیح ہونے کی اور اس عمل کے فی الواقع نافع ومفید ہونے کی۔

صلاۃُ التسبیح کا ثواب

صلاۃِ تسبیح پڑھنے سے بڑا ثواب ملتا ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ صلاۃِ تسبیح کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سب گناہ بخش دیتے ہیں اگرچہ ان گناہوں کی تعداد ریت کے وسیع وعریض اور بلند ٹیلے کے ان گنت ذرات کے برابر ہو۔

www.AhleHaq.net

نبی ﷺ نے فرمایا کہ ہر روز صلاۃِ تسبیح پڑھا کرو۔ اگر یہ نہ ہوسکے تو ہفتے میں ایک مرتبہ یا مہینہ میں ایک مرتبہ یا سال میں ایک مرتبہ ضرور پڑھنی چاہئے۔

صلاۃِ تسبیح کیلئے ایک نیت سے چار رکعات پڑھنی پڑتی ہیں۔ ان رکعات میں تین سو مرتبہ یہ دعا پڑھی جاتی ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

طریقۂ صلاۃِ تسبیح۔

صلاۃِ تسبیح پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ آپ چار رکعات کی نیت باندھ لیں۔ پہلی رکعت میں فاتحہ و سورت

www.Ahlehaq.net

پڑھنے کے بعد رکوع سے قبل مذکورہ صدر دعا ۱۵ مرتبہ پڑھ لیں۔ پھر رکوع میں ۱۰ مرتبہ پھر رکوع سے کھڑے ہوکر قومہ میں ۱۰ مرتبہ پھر پہلے سجدے میں ۱۰ مرتبہ پھر دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھ کر ۱۰ مرتبہ پھر دوسرے سجدے میں ۱۰ مرتبہ۔ پھر دوسرے سجدے کے بعد بیٹھ کر (کھڑے ہونے سے پہلے) ۱۰ مرتبہ یہ دعا پڑھ لیں۔اس کا مجموعہ ہوا ۷۵ مرتبہ۔

پھر دوسری رکعت کیلئے اٹھیں اور اس میں بھی مذکورہ طریقہ کے مطابق ۷۵ مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔ اسی طرح ہر رکعت میں ۷۵ مرتبہ پڑھیں۔ رکوع اور سجدے میں تسبیحات کے بعد جبکہ دوسری اور چوتھی رکعت میں التحیات سے پہلے یہ دعا پڑھیں۔

(جامع ترمذی ج ا ص ۸۹)

www.AhleHaq.net

مفید و قیمتی نصائح

۱۔ دنیا میں دو چیزیں پسندیدہ ہیں۔ سخن دل پذیر اور دل حق پذیر۔

۲۔ اے انسان خدا نے تجھے اپنے لئے پیدا کیا ہے اور تو دوسرے کا ہونا چاہتا ہے۔

۳۔ انسانی زندگی دنیا میں اس شمع کی مانند ہے جو ہوا میں رکھی گئی ہو۔

۴۔ تعجب ہے اس پر جو شیطان کو دشمن جانتا ہے اور پھر اس کی اطاعت کرتا ہے۔

۵۔ اتنا نرم نہ بن کہ نچوڑ لیا جائے اور نہ اتنا سخت اور خشک کہ توڑ دیا جائے۔

۶۔ دنیا میں سب سے مشکل کام اپنی اصلاح ہے اور

www.AhleHaq.net

سب سے آسان دوسروں پر نکتہ چینی۔

۷۔ تعجب ہے اس پر جو دوزخ کو برحق مانتا ہے اور پھر گناہ کرتا ہے۔

۸۔ گناہوں پر نادم ہونا ان کو مٹا دیتا ہے اور نیکیوں پر مغرور ہونا ان کو برباد کر دیتا ہے۔

۹۔ جو حق تعالیٰ سے ڈرتا ہے تمام چیزیں اس سے ڈرتی ہیں۔

۱۰۔ اگر مستجاب الدعوات بننا چاہتے ہو تو لقمہ حلال کے سوا پیٹ میں کچھ نہ ڈالو۔

۱۱۔ آگ لکڑیوں کو اتنی تیزی سے نہیں جلاتی جتنی تیزی سے غیبت نیکیوں کو ختم کرتی ہے۔

۱۲۔ جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے وہ بدلہ نہیں لیتا۔

www.AhleHaq.net

۱۳۔ والدین کی خدمت کرو، والدین یا ان میں سے کسی ایک پر شفقت و محبت کی نظر ڈالنے سے حج مقبول کا ثواب ملتا ہے۔

۱۴۔ دھوکہ دینے والا خود دھوکے میں ہوتا ہے۔

۱۵۔ ہر دین کیلئے خلق ہے اور اسلام کا خلق حیاء ہے۔

۱۶۔ دنیا مؤمن کیلئے قید خانہ ہے اور کافر کیلئے جنت۔

www.AhleHaq.net

روزانہ کی دعا

اے اللہ! اے جلیل القدر ذات اور انتہائی بلند شان والے، اے لامتناہی خزانوں کے مالک اور عرش عظیم کے خالق، اے صفات کمالیہ سے متصف اور بن مانگے عطا کرنے والے، تو چاہے تو اک قطرے سے وہ طوفان برپا کرسکتا ہے جسے دیکھ کر سمندر بھی شرما جائے اور تو چاہے تو اک ذرّے میں ساری کائنات کو سمو دے۔ تیرا کن کہنا عدم کو وجود بخشتا ہے۔ تیرے لئے کوئی بھی کام مشکل نہیں۔

اے اللہ! ہماری ظاہری و باطنی کثافتوں کو اپنے کمال عفو و درگزر کے بحر بیکراں سے دھو کر ختم فرما دے۔ ہمیں زہد و تقویٰ، خدمت خلق و اتباع سنت کا

www.AhleHaq.net

صاف و شفاف اور اجلا لباس عطا فرما۔ شاہراہِ زندگی پر ہمارا واحد مقصد دینِ محمدی کی سربلندی و سرفرازی ہو۔ ہمیں آفتابِ علم اور حسنِ عمل کا ایسا بدر کامل بنا دے کہ ہدایت یافتہ اور متقی بھی اس کی روشنی میں راہِ عمل کا انتخاب کریں اور ہمیں ایسا چشمہ بنا دے جس سے قیامت تک اس خزاں رسیدہ چمنستانِ اسلام کی آبیاری کا کام لیا جاتا رہے۔

یا ربّ العالمین! اس مختصر زندگی میں ہم سے وہ کام لے جو یہاں کرنا چاہئے اور اس کام سے محفوظ فرما جو یہاں نہیں کرنا چاہئے، زندگی کے وہ ایام جو ہم نے غفلت میں گزار دیئے ان کی تلافی کا سامان پیدا فرما۔

اے اللہ! ہمیں ایمان کی محبت عطا فرما اور اسے ہمارے دلوں میں مزین فرما۔ کفر، گناہ اور نافرمانی

www.AhleHaq.net

کی نفرت ہمارے دلوں میں ڈال دے اور ہمیں اپنے ہدایت یافتہ اور شکر گزار بندوں میں سے بنا دے تاکہ موت کے وقت اور قبر میں اور قیامت کے روز ہم شاداں و فرحاں ہوں اور جنت الفردوس ہمارا ٹھکانہ ہو۔

اے اللہ! ہمیں علم و عمل کے ایسے پہاڑ بنا دے جن کے سامنے کفر و شرک کے طوفان بے بس ہوں اور جن سے ٹکرا کر بدعات کی آندھیاں دم توڑ جائیں۔ اور ہم سے محمدِ عربی ﷺ کے دین کی کوئی ایسی خدمت لے جو قیامت تک عظیم صدقہ جاریہ ہو اور بروز قیامت نجات کا ذریعہ بن جائے۔

الٰھی لست للفردوس اھلاً ولا اقوٰی علی نار الجحیم
فھب لی توبۃ واغفر ذنوبی فانک غافر الذنب العظیم

ترجمہ۔ اے اللہ! میں جنت الفردوس کا پورا اہل نہیں

www.AhleHaq.net

ہوں اور نہ میرے اندر جہنم کی آگ سہنے کی طاقت ہے۔ پس مجھے توبہ کی توفیق دے اور میرے گناہوں کی بخشش فرما۔ اس لئے کہ آپ بڑے گناہوں کو بخشنے والے ہیں۔ آمین ثم آمین۔

محمد زہیر البازی عفی عنہ

جو احباب اس کتابچے کو فی سبیل اللہ یا اپنے کسی عزیز کے ایصال ثواب کیلئے صدقہ جاریہ کے طور پر چھپوا کر تقسیم کرنا چاہتے ہیں وہ مندرجہ ذیل پتہ پر رابطہ قائم فرمائیں۔

محمد زہیر البازی
ابن شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازیؒ
جامعہ اشرفیہ فیروز پور روڈ لاہور ۵۴۶۰۰

www.AhleHaq.net

IDARA-E-TASNEEF-O-ADAB